# اُردو لازمی-نہم    R430

نوٹ: سیکشن الف کے تمام سوالات حل کرنے کے لیے MCQ ANSWER SHEET پر درست جواب والا دائرہ پر کریں اور مقررہ وقت میں سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کریں، چاہے آپ نے کوئی بھی سوال حل نہ کیا ہو۔

## سیکشن الف

وقت: 20 منٹ    نمبر: 15

1۔ ۔۔۔19 اپریل 1970 کو اس جہان فانی سے رخصت ہوئے۔ الف) امتیاز علی تاج ب) مولوی نذیر احمد ج) میرزا ادیب د) شبلی نعمانی

2۔ ڈاکٹر شفیق الرحمٰن قلعہ نور۔۔۔۔۔۔ میں پیدا ہوئے۔ الف) مغربی پنجاب ب) مشرقی پنجاب ج) شمالی سندھ د) شمالی ہندوستان

3۔ چنانچہ ہماری خریدی ہوئی مچھلیاں اس رات۔۔۔۔۔۔ نے کھائیں۔ الف) بلیوں ب) کتوں ج) جانوروں د) مرغیوں

4۔ یہ ان دنوں کا ذکر ہے جب۔۔۔۔۔۔۔ کے دانت پر بجلی گری۔ الف) احمد ب) روفی ج) ہاجرہ د) رستم

5۔ کرنل محمد خان ضلع۔۔۔۔۔۔ کے ایک گاؤں چکوال میں پیدا ہوئے۔ الف) جہلم ب) پشاور ج) کوہاٹ د) نوشہرہ

6۔ "پریم بتیسی" کے مصنف۔۔۔۔۔۔ ہیں۔ الف) منشی پریم چند ب) منشی قیاب لال ج) مرزا ادیب د) کرنل محمد خان

7۔ ڈراما۔۔۔۔۔۔ ایک رومانی المیہ ہے اور فنی اعتبار سے اس کا معیار مغربی ڈراموں سے کسی طرح سے کم نہیں۔

الف) چچا چھکن، ب) انار کلی ج) آرام و سکون د) نیلی جھیل

8۔ ۔۔۔۔۔۔ کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک۔ الف) مذہب ب) اسلام ج) انسان د) معاشرہ

9۔ محمد حسین آزاد۔۔۔۔۔۔ میں پیدا ہوئے۔ الف) دہلی ب) آگرہ ج) پنجاب د) پشاور

10۔ چنانچہ بڑھے نے کہا کہ برائے خدا میرا درد۔۔۔ مجھے پھیر دیجیے۔ الف) دل ب) سر ج) کمر د) قولنج

11۔ ۔۔۔۔۔۔ کو اردو کا پہلا ناول نگار تسلیم کیا جاتا ہے۔ الف) ڈپٹی نذیر احمد ب) مولوی عبدالحق ج) حالی د) پریم چند

12۔ ۔۔۔۔۔۔ کا وقت تھا، نصیر چارپائی پر آنکھیں بند کیے پڑا تھا۔ الف) دوپہر ب) شام ج) صبح د) رات

13۔ میرزا ادیب نے۔۔۔۔۔۔۔۔ میں اردو کے ممتاز رسالے "ادب لطیف" کی ادارت سنبھالی۔

الف) 1930 ب) 1934 ج) 1935 د) 1936

14۔ مرزا فرحت اللہ بیگ۔۔۔۔۔ میں پیدا ہوئے۔ الف) 1883 ب) 1884 ج) 1885 د) 1882

15۔ میں۔۔۔۔۔۔۔۔ نہ ہوتا۔ الف) ادھر سے اُدھر ب) ٹس سے مس ج) ناراض د) سفارش طلب نہ ہونا

eduvision.edu.pk

P-437

9191

# اردو لازمی — نہم

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

## سیکشن — ب

نمبر: 36

1. مندرجہ ذیل میں سے صرف نو اجزاء حل کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. دایہ بچے کا کسطرح خیال رکھتی تھی؟ اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

ii. "برادرانِ یوسف" سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

iii. مصنف نے علماء اور واعظین سے کیا درخواست کی ہے؟

iv. ڈراما "آرام و سکون" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

v. نیلی جھیل کی خوبصورتی کا منظر اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

vi. کرشن چندر کا سفارش طلبوں سے نپٹنے کا طریقہ کیوں کر غلط ہے؟

vii. تشبیہ کسے کہتے ہیں۔ تشبیہ کی تین مثالیں تحریر کریں۔

viii. کیچڑ میں پھسلنے کی کیفیت اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

ix. مجنوں پہ سنگ اٹھایا تو شاعر کو اپنا سر کیوں یاد آ گیا؟

x. بہادر شاہ ظفر کا مزار کس شہر میں ہے؟ اور اس کو کس شہر میں دفن ہونے کی تمنا تھی؟

xi. ان محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔ شہرہ ہونا، ناک میں دم کر دینا، جھاڑو پھیر دینا، اودھم مچانا

xii. ذو معنی الفاظ سے کیا مراد ہے؟ کوئی سے پانچ ذو معنی الفاظ اور ان کے معنی تحریر کریں۔

## سیکشن — ج

نمبر: 24

2. متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجئے۔

(الف) باپ نے جو یہ حالت سنائی، بیٹے پر اس طرح ہیبت چھائی کہ چونک پڑا، جاگا تو پھر وہی دالان تھا، وہی تیمارداریوں کا سامان۔ بی بی پاس بیٹھی آہستہ آہستہ پنکھا جھل رہی تھی۔ میاں کی آنکھ کھلی ہوئی دیکھ کر اس کی جان میں جان آئی۔ بی بی نے ہر چند دل جوئی کی باتیں کیں، مگر نصوح کو خواب کا سارا ماجرا پیشِ نظر تھا۔ مطلق جواب نہ دیا۔ بی بی سمجھی کہ بیماری کی وجہ سے بولنے کو جی نہ چاہتا ہوگا۔ نصوح کا دل مان گیا تھا کہ یہ خواب میرے وہم و خیال کا بنایا ہوا تو ہرگز نہیں ہے۔

(ب) انسان اپنے لیے اخلاقِ حسنہ کا جو پہلو پسند کرے، اس کی شدت سے پابندی کرے اور اس طرح دائمی اور غیر متبدل طریقے سے اس پر عمل کرے کہ گویا وہ اپنے اختیار کے باوجود اس کام کے کرنے پر مجبور ہے اور لوگ دیکھتے دیکھتے یہ یقین کر لیں کہ اس شخص سے اس کے علاوہ اور کوئی بات سرزد ہو ہی نہیں سکتی۔ گویا اس سے یہ افعال اس طرح صادر ہوتے ہیں جیسے: آفتاب سے روشنی، درخت سے پھل اور پھول سے خوشبو، کہ یہ خصوصیات ان سے کسی حالت میں الگ نہیں ہو سکتیں۔ اسی کا نام استقامتِ حال اور مداومتِ عمل ہے۔

3. نظم اور شاعر کا حوالہ دے کر مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔

(الف)
میانِ شاخساراں، صحبتِ مرغِ چمن کب تک — ترے بازو میں ہے پروازِ شاہینِ قہستانی
گماں آباد ہستی میں یقیں مردِ مسلماں کا — بیاباں کی شبِ تاریک میں قندیلِ رہبانی

(ب)
نخلِ دل میں تھے گناہوں کے جو برگ — حبِّ حضرت کی ہوا سے گر چلے
کیا میسر ان کو ہوتی راہِ راست — چال پر کب آپ کی کافر چلے

4. کسی ایک غزلیہ جز کی تشریح کریں۔ شاعر کا حوالہ دیں۔

(الف)
شعلۂ حسن چمن میں نہ دکھایا اس نے — ورنہ بلبل کو بھی پروانہ بنایا ہوتا
صوفیوں کے جو نہ تھا لائقِ صحبت تو مجھے — قابلِ جلسۂ رندانہ بنایا ہوتا

(ب)
رگِ سنگ سے ٹپکتا وہ لہو کہ پھر نہ تھمتا — جسے غم سمجھ رہے ہو، یہ اگر شرار ہوتا
کہوں کس سے میں کہ کیا ہے شبِ غم بُری بلا ہے — مجھے کیا بُرا تھا مرنا، اگر ایک بار ہوتا

5. اپنے والد صاحب کو خط لکھیں جس میں ہاسٹل کے کھانے کے بارے میں شکایت درج ہو۔ (یا)

مندرجہ ذیل پیراگراف کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

سفارش کے جراثیم کھی، مچھر یا چوہے نہیں پھیلاتے، اپنے اقربا اور دوست پھیلاتے ہیں۔ اچانک ایک اجنبی رقعہ لے کر آتا ہے جس پر "اشد ضروری" اور "بصیغۂ راز" جیسے تاکیدی الفاظ ہوتے ہیں۔ آپ خط کھولے بغیر ہی سمجھ جاتے ہیں کہ چچا جان کی جانب سے ایک اور سفارش نازل ہوئی ہے اور حاملِ رقعہ، یوں لگتا ہے جیسے سفارش کے طاعون کا ایک اور چوہا گرا ہو۔

سوالات:

i. عام طور پر سفارش کون کرتے ہیں؟

ii. سفارشی لفافے پر عام طور پر کس قسم کے تاکیدی الفاظ لکھے ہوتے ہیں؟

iii. حاملِ رقعہ کیسے دکھائی دیتا ہے؟

iv. اس اقتباس کے لیے عنوان تجویز کریں۔

eduvision.edu.pk